"کڑکے" نہیں مارا کرتا۔ ایسے مسکینوں جیسی صورت اور عاجز بندہ جیسی آواز اور ندا سجتی ہے۔ اگر یوں آئے جیسے بجلی کی کڑک ہو، جسے پنجابی "اولا" کہتے ہیں تو وہ مسکین نہیں شمار کیا جاتا۔

اہل حدیث، شوافع اور حنابلہ وغیرہ کہتے ہیں کہ آمین اونچی آواز سے کہو تو یہ دوست اوپر والی آیت پڑھنے لگتے ہیں کہ کیا کریں، قرآن کہتا ہے کہ اونچا نہ بولو! چہ خوب

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی امت کی نشانی یہ بیان کی گئی کہ رات کو جب بعد میں ذکر کریں گے تو ان کی آواز اتنی نحیف اور لطیف ہو گی جیسے شہد کی مکھی کی آواز:۔

اصواتهم بالليل فى جو السماء كصوت النحل (دارمی ص۶) دویهم فى مساجدهم كدوى النحل (دارمی ص۶) ۔ ہم ان سے پوچھتے ہیں کہ کیا آپ میں یہ نشانی پائی جاتی ہے؟۔

حکیم راحت نسیم سوہدروی

حضرت امام بخاریؒ

کس درجے سے کی خدمتِ اسلام بخاریؒ
ملت ہے تیری خادمِ بے دام بخاریؒ

تو جامع اقوالِ رسول عربی ہے
اس نام سے ہے زندہ تیرا نام بخاری

آیا ہے تیرا نام بھی نام نبیؐ کے ساتھ
ہے تجھ پر یہ اللہ کا انعام بخاریؒ

ہم کو بھی ملے فہم حدیث ایسا کہ ہم بھی
ہوں تیری طرح خادم اسلام بخاریؒ

ارشادِ نبی اصل میں پیغامِ خدا ہے
پیغام نبی ہے تیرا پیغام بخاریؒ

تا حشر احادیث نبیؐ زندہ رہیں گی
تا حشر مٹے گا نہ تیرا نام بخاریؒ

نسیم کو ہے یوں اہل حدیثوں سے محبت
لیتے ہیں عقیدت سے تیرا نام بخاریؒ